Talaash Publicationers

Get amazing information and poetry via mobile just type in mob message Follow @Talaash25 and send to 40404 for free

قرآنی معلومات

سوال: قرآن مجید میں لفظ کتاب کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**256 بار۔

سوال: قرآن مجید میں قرآن اور فرقان کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:** 81۔

سوال: قرآن مجید میں لفظ نازل کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**123 بار۔

سوال: قرآن مجید میں اسم مبارک اللہ تبارک وتعالیٰ کتنی بار آیا ہے؟

جواب: قرآن مجید میں اسم مبارک اللہ تبارک وتعالیٰ 2690 بار آیا ہے۔

سوال: قرآن مجید میں مکی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟ **جواب:**86 ہے۔

سوال: قرآن مجید میں مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟ **جواب:**28 ہے۔

سوال: قرآن مجید میں بیت اللہ شریف کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**9 بار۔

سوال: قرآن مجید میں مسجد حرام کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**20 بار۔

سوال: قرآن مجید میں مسجد کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**12 بار۔

سوال: قرآن مجید میں لفظ نور کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**18 بار۔

سوال: قرآن مجید میں حج کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**11 بار۔

سوال: قرآن مجید میں توریت کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**18 بار۔

سوال: قرآن مجید میں انجیل کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**12 بار۔

سوال: قرآن مجید میں زبور کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**3 بار۔

سوال: قرآن مجید میں حضرت مریمؑ کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**34 بار۔

سوال: قرآن مجید میں زمین الارض کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**453 بار۔

سوال: قرآن مجید میں آسمان کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**123 بار۔

سوال: قرآن مجید میں آسمانوں کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**184 بار۔

سوال: قرآن مجید میں والدین کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟ **جواب:**24 بار۔

☆ قرآن مجید میں مکی رکوعات 356 ہیں۔ مدنی رکوعات 202 ہیں۔ مکی سجدے 12۔ مدنی سجدے 2۔ مکی آیات 4613۔ مدنی آیات 1623۔ مکی کلمات 48705۔ مدنی کلمات 31902۔ مکی حروف 207242۔ مدنی حروف 125992۔

سوال: قرآن کریم میں الف سے لے کر ے تک کس کس حرف سے کتنی کتنی سورتیں شروع ہوتی ہیں؟ مثلاً الف سے کتنی، ب سے کتنی وغیرہ؟

جواب: حرف الف سے اکتالیس سورتیں شروع ہوتی ہیں۔ اسی طرح ب سے ایک، ت سے چار، ح سے سات، س سے سات، ص سے ایک، ط سے چار، ع سے دو، ق سے آٹھ، ک سے ایک، ل سے چار، ن سے ایک، و سے سترہ اور ی سے چودہ سورتیں شروع ہوتی ہیں۔

سوال: پورے قرآن مجید میں کس کس سیپارے میں انبیاءؑ کا اسم مبارک کتنی کتنی بار آیا ہے؟

جواب: پہلے سیپارے میں انبیاءؑ کا اسم مبارک 43 بار، دوسرے میں 4 بار، تیسرے میں 26 بار، چوتھے میں تین بار، پانچویں میں بھی تین بار، چھٹے میں 23 بار، ساتویں میں پچیس بار، آٹھویں میں سولہ بار، نویں میں اٹھائیس بار، دسویں میں تین بار، گیارھویں میں تیرہ بار، بارھویں میں ترپن بار، تیرھویں میں بائیس بار، چودھویں میں پانچ بار، پندرھویں میں گیارہ بار، سولھویں میں تینتالیس بار، سترھویں میں اٹھائیس بار، اٹھارھویں میں چار بار، اُنیسویں میں اڑتیس بار، بیسویں میں تیس بار، اکیسویں میں پانچ بار، بائیسویں میں پانچ بار، تیئسویں میں بتیس بار، چوبیسویں میں نو بار، پچیسویں میں سات بار، چھبیسویں میں سات بار، ستائیسویں میں گیارہ بار، اٹھائیسویں میں سات بار، اُنتیسویں میں سات بار اور تیسویں سیپارہ میں انبیاءؑ کا اسم مبارک تین بار آیا۔

☆ اذان میں اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک 11 بار اور اقامت میں بھی 11 بار، حضرت محمد ﷺ کا اسم مبارک اذان میں 2 بار اور اقامت میں بھی 2 بار۔

سوال: قرآن مجید میں کس کس چیز کا ذکر کتنی کتنی بار آیا ہے؟

جواب: انسان کا ذکر 65 بار آیا، رجل (مرد) 24 بار آیا، امرات (عورت) 24 بار آیا، حور 4 بار، اولیاء 37 بار، قیامت 70 بار، جنت 140 بار، جہنم 70 بار، آخرت 115 بار، زندگی 145 بار، موت 145 بار، لیل (رات) 91 بار، نہار (دن) 57 بار، عرش 24 بار، رزق 119 بار، رحمت 115 بار، مشرق، مغرب 10 بار، شمس (سورج) 33 بار، قمر (چاند) 27 بار، نجم (ستارہ) 13 بار، کھجور 20 بار، انگور 9 بار، انار 3 بار، زیتون 6 بار، شیطان 88 بار، دنیا 115 بار، صبر 92 بار، ابلیس 11 بار، مدینہ 15 بار، شہد کی مکھی 1 بار، مکھی 2 بار، مچھر 1 بار، مکڑی 2 بار، ابابیل 1 بار، بٹیر 3 بار، کوا 2 بار، جوئیں 1 بار، مچھلی 4 بار، مچھلیوں 1 بار، بکریاں 1 بار، بکری یا بکریوں 3 بار، مینڈک 1 بار، ٹڈیاں 2 بار، گھوڑے 3 بار، گھوڑوں 1 بار، دنبی 4 بار، بھیڑ 1 بار، بھیڑیا 3 بار، ہاتھی 1 بار، خچر 1 بار، اونٹ واونٹنی 15 بار، گائے 15 بار، شیر 1 بار، بچھڑا 10 بار، سانپ 4 بار، بندر 3 بار، گدھے 5 بار، کتا 5 بار، خنزیر/سؤر 4 بار۔

سوال: سورۂ یونس کے مطابق اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کو کتنے دن میں پیدا کیا؟

جواب: چھ دن میں۔

سوال: وہ کون سی سورۃ ہے جس کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ عورتوں کو ضرور پڑھنا اور یاد کرنا چاہئے؟ **جواب:** سورۂ نور۔

سوال: قرآن مجید کی وہ کون سی سورۃ ہے جسے پڑھنے سے دس قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے؟ **جواب:** سورۂ یٰسین۔

سوال: قرآن مجید میں کل کتنے زبر، زیر، پیش، تشدید، نقاط اور کلمات استعمال ہوئے ہیں؟

جواب: قرآن مجید میں تقریباً 3223 زبر، تقریباً 39583 زیر، تقریباً 1771 مد، تقریباً 8804 پیش، تقریباً 1274 تشدید، تقریباً 5684 نقاط اور تقریباً 80906

کلمات ہیں۔ قرآن مجید کے سیپاروں کی تعداد 30 اور کل سورتوں کی تعداد 114 ہے۔ رکوعات کی تعداد 558، آیات کی تعداد 6336 ہے۔ احناف کے نزدیک سجدوں کی تعداد 14 ہے۔

سوال: قرآن پاک کے مطابق دوزخ کے دروازوں کی تعداد بتائیں؟

جواب: سات۔

اسلامی معلومات

سوال: وہ کون صحابی ہیں جنہیں نبی پاک ﷺ کی زیارت کے بغیر صحابی کا درجہ ملا؟

جواب: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ۔

سوال: وہ کون سے پیغمبر ہیں جنہیں خون کے آنسو آئے؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام۔

سوال: وہ کون سے پیغمبر ہیں جو اللہ کے حضور اتنی دیر تک روئے کہ ان کے اردگرد گھاس اُگ آئی۔

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام۔

سوال: وہ کون سی ہستی ہے جن کی روح عزرائیل فرشتے نے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے نکالی؟ (تفسیر روح البیان پارہ ۷)

جواب: حضور ﷺ کی لختِ جگر، خاتونِ جنت حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا۔

سوال: وہ کون سی ایسی چیز ہے جو بغیر روح کے سانس لیتی ہے؟

جواب: وہ صبح ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں والصبح اذا تنفس (سورۃ والشمس آیت ۸ پارہ ۳۰) ''اور قسم ہے صبح کی! جب دم بھرے۔''

سوال: وہ کون سی قوم ہے جس نے سچ بولا پھر بھی جہنم میں گئی؟

جواب: وہ قوم جس نے سچ بولا پھر بھی جہنم میں گئے وہ یہود ونصاریٰ ہیں۔

جنہوں نے کہا (سورۃ بقرہ آیت ۱۱۳ پارہ ۱) ترجمہ: ''یہودی کہتے ہیں کہ نصاریٰ کسی راہ پر نہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں یہودی کسی راہ پر نہیں ہیں۔'' انہوں نے یہ بات سچ کہی پھر بھی جہنم میں گئے۔

سوال: وہ کون سی قوم تھی جس نے جھوٹ بولا اور جنت میں گئی؟

جواب: وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی ہیں جنہوں نے کہا (آیت ۱۷) ترجمہ: ''ابا جان ہم دوڑنے لگے آگے نکلنے کو یوسف کو ہم نے اپنے سامان کے پاس چھوڑا اُسے بھیڑیا کھا گیا۔'' یہ بات انہوں نے جھوٹ کہی تھی لیکن پھر بھی جنت میں گئے۔ (کیونکہ انہوں نے توبہ کرلی تھی)

سوال: وہ کون سے چار ایسے بچے ہیں جنہوں نے حالت رضاعت یعنی دودھ پینے کی عمر میں بات کی؟

جواب: (۱) صاحب جریج یعنی وہ بچہ جس نے حضرت جریج رضی اللہ عنہ کی عفت کی شہادت دی اور ان کی برأت پیش کی جس کا پس منظر یہ ہے کہ ایک عورت کے ہاں زنا کاری سے بچہ پیدا ہوا جس کو اس نے حضرت جریج رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کردیا۔ حضرت جریج رضی اللہ عنہ نے بچے کی طرف اشارہ کیا تو اس نے گواہی دی کہ میرا باپ تو فلاں چرواہا ہے۔ (۲) دوسرا وہ بچہ جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کی عفت کی گواہی دے کر زلیخا سے ان کی برأت کی۔ (۳) تیسرا فرعون کی لڑکی کی خادمہ کا بچہ جس نے فرعون کی لڑکی کو کفر سے ڈرایا۔ (۴) چوتھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ (حیاۃ الحیوان ص ۸۰، ج ۱)

سوال: وہ کون سی جگہ ہے جہاں سورج کی کرن صرف ایک دفعہ پڑی؟

جواب: جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا پانی میں مارا اور پانی نے راستہ دے دیا جب آپ اور آپ کی قوم وہاں سے گزر گئی تو پانی پھر اپنی جگہ پر آگیا۔

سوال: کفر اور اسلام کی پہلی جنگ کس مقام پر ہوئی؟

جواب: بدر سعودی عرب 623ھ۔

سوال: اس پہلے نمازی کا نام بتائیں جنہوں نے تیر کھانے کے بعد بھی نماز جاری رکھی؟ **جواب:** حضرت عباس بن بشیر رضی اللہ عنہ۔

سوال: جس عبادت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اس کا اجر میں خود دوں گا؟ **جواب:** روزہ کا۔

سوال: وہ کون سی حالت ہے جس میں ہر مسلمان پر حلال چیز حرام ہو جاتی ہے؟

جواب: نماز کی حالت میں۔

سوال: حضور اکرم ﷺ نے آخری نماز میں کون سی سورۃ تلاوت فرمائی؟

جواب: سورۃ والمرسلات۔

سوال: جنت کے داروغہ کا نام بتایئے؟ **جواب:** رضوان۔

سوال: زمین پر پہلا درخت کون سا تھا؟ **جواب:** کھجور کا۔

سوال: اسلام کے پہلے شہید مرد کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت حارث بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: سانحہ کربلا کے پہلے شہید کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت مسلم بن عوسجہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: اللہ تعالیٰ فرشتوں کو کس طرح وحی کرتے تھے؟

جواب: اللہ تعالیٰ جب فرشتہ کو کسی نبی کے پاس وحی لے کر بھیجتے تو اس کو روحانی طور پر وحی کا القاء کرتے یا وہ فرشتہ لوح محفوظ سے یاد کر کے لاتا اور نبی کو سنا دیتا۔ (عمدۃ القادر شرح البخاری المسمٰی یا بالعینی ص 174، ج 3)

سوال: انبیاء سابقین علیہم السلام جن کی زبانیں عربی زبان کے علاوہ تھیں، ان کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام کس زبان میں وحی لے کر آتے تھے؟

جواب: خداوند تعالیٰ کے یہاں سے حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی عربی زبان

میں لے کر آتے تھے، پھر ہر نبی اپنی زبان میں ترجمہ کر کے قوم کو بتلاتا، قوم کو سمجھاتا اور احکام خداوندی کی تبلیغ کرتا تھا۔ (الاتقان ص ۶۰ ج ۱)

سوال: قیامت کے دن جو فرشتہ زمین کو لپیٹے گا اس کا نام کیا ہے؟

جواب: اس فرشتہ کا نام ریافیل ہے۔ (الاتقان ص ۶۰ ج ۱)

سوال: ملک الموت کے اعوان و انصار کتنے فرشتے روح نکالتے وقت ان کی مدد کرتے ہیں؟

جواب: روح نکالتے وقت ملک الموت کے معین و مددگار چھ فرشتے ہوتے ہیں۔ تین ان میں سے مومنین کی ارواح نکالتے وقت اور تین کفار کی روح نکالتے وقت مدد کرتے ہیں۔ (الفتوحات الالٰہیہ ۱۴۱۷ ج ۲)

سوال: کون سے خلیفہ کے بذریعہ خط کہنے پر اللہ کے حکم سے دریائے نیل دوبارہ جاری ہو گیا تھا، اور اب تک جاری ہے؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کون سے پیغمبر ہیں جن کا کوئی باپ نہیں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔

سوال: حضرت محمد ﷺ کی قبر کھودنے کا فریضہ کس نے انجام دیا؟

جواب: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: خدائی کا دعویٰ کرنے والے نمرود کا اصل نام کیا ہے؟ **جواب:** ہاصد۔

سوال: حضرت عیسیٰؑ کو کس پہاڑ سے زندہ آسمان پر اٹھایا گیا؟ **جواب:** کالوری۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام اور اماں حوا علیہا السلام کہاں مدفون ہیں؟

جواب: کوہ ابوقیس میں۔

سوال: وہ کون سا مذہب ہے جس کا بانی پیغمبر نہیں فلسفی تھا؟

جواب: کنفیوشس مت۔

سوال: وہ کون سی قوم ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں سب سے زیادہ نافرمان قرار دیا ہے؟ **جواب:** قوم بنی اسرائیل۔

سوال: خانہ کعبہ کا نقشہ کس نے تیار کیا تھا؟ **جواب:** حضرت جبرائیلؑ نے۔

سوال: خانہ کعبہ کی بلندی کتنی ہے؟ **جواب:** 54 فٹ 9 انچ۔

سوال: خانہ کعبہ کے غلاف کے لئے کتنے گز کا کپڑا درکار ہوتا ہے؟

جواب: ایک ہزار گز۔

سوال: حرم شریف کتنے ایکڑ رقبہ میں پھیلا ہوا ہے؟

جواب: 136 ایکڑ میں۔

سوال: مدینہ منورہ میں حضور ﷺ نے مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی تھی؟

جواب: ربیع الاوّل 1 ہجری میں۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا؟

جواب: عبدالرحمٰن جو ابن ملجم کے نام سے مشہور تھا۔

سوال: اسلامی سال کتنے دن کا ہوتا ہے؟

جواب: 354 دن 8 گھنٹے۔

سوال: دنیا کی سب سے پہلی مسجد کون سی ہے؟ **جواب:** مسجد حرام۔

سوال: اسلام کی راہ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون کون تھیں؟

جواب: حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: آنحضرت ﷺ کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب: بعض کے مطابق 12 اور بعض کے مطابق 9 ربیع الاوّل کو۔

سوال: آنحضرت ﷺ کے والدین، دادا، دادی اور نانا، نانی کے نام کیا کیا تھے؟

جواب: آپ ﷺ کے والد ماجد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ، دادا کا نام حضرت عبدالمطلب، دادی کا نام حضرت فاطمہ بنت عمرو

بن عائذ اور اور نانا کا نام وہب اور نانی کا نام برہ بنت عبدالعزیٰ تھا۔

سوال: آنحضرت ﷺ کی کتنی پھوپھیاں تھیں اور ان کے نام کیا کیا تھے؟

جواب: چھ پھوپھیاں تھیں جن کے نام یہ تھے۔ صفیہ، اُم حکیم البیضاء، عاتکہ، امیمہ، اروی، برہ۔ (اوجز السیر الخیر البشر ص ۶)

سوال: آنحضرت ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے کتنی شادیاں کیں؟ کس کس بیوی سے کتنی اور کون کون سی اولاد ہے؟

جواب: آنحضرت ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے پانچ عورتوں سے شادی کی۔

(۱) فاطمہ بنت عمرو بن عائذ۔ ان سے آٹھ اولادیں پیدا ہوئیں۔ حضرت عبداللہ والد رسول اللہ ﷺ، حضرت ابوطالب، زبیر، ام الحکیم البیضاء، عاتکہ، اُمینہ، اروی، برہ۔

(۲) دوسری شادی ہالہ بنت اہیب سے۔ ان سے چار اولادیں۔ حمزہ، مقوم، حجل، صفیہ۔

(۳) تیسری شادی نخیلہ بنت جناب سے۔ ان سے دو لڑکے عباس، ضرار۔

(۴) چوتھی شادی سمراء بنت جندب سے کی۔ ان سے صرف ایک لڑکا حارث بن عبدالمطلب پیدا ہوئے۔

سوال: رسول مقبول ﷺ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: بالرفیق الاعلیٰ۔

سوال: نبی کریم ﷺ کے زمانے میں کن دو افراد نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا؟

جواب: مسیلمہ بن کذاب نے یمامہ میں بنی حنیفہ کے اندر اور اسود بن کعب عنسی نے صنعاء یمن میں۔

سوال: مسجد اقصیٰ جاتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے راستے میں کس نبی کو اپنی قبر میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے۔

سوال: نبی کریم ﷺ کو غسل کن صحابہ کرام نے دیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت عباسؓ، حضرت فضل بن عباسؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ، حضرت شقرانؓ (یہ حضور اکرم ﷺ کے آزادہ کردہ غلام تھے) نبی کریم ﷺ کو کپڑوں سمیت غسل دیا۔

سوال: نبی کریم ﷺ کی نمازِ جنازہ کس طرح ادا ہوئی؟

جواب: تھوڑے تھوڑے لوگ آتے اور آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے اور چلے تھے۔ مردوں کے بعد عورتوں اور پھر بچوں نے درود و سلام بھیجا۔ کسی نے حضور اکرم ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت نہیں کی۔

سوال: کن خوش نصیب صحابہ نے نبی کریم ﷺ کو لحد مبارک میں اُتارا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت فضل بن عباسؓ، قثم بن عباسؓ اور شقرانؓ جو حضور اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام اوس بن خولیؓ۔

☆ سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے کا نام قابیل تھا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے روزہ حضرت آدم علیہ السلام نے رکھا۔ وہ ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ (۶۰) گز تھا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام پُتلے کی صورت میں چالیس سال تک رہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے جو لفظ کلام کیا، وہ الحمدللہ تھا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی وفات سری لنکا میں واقع نوڈ نامی پہاڑ پر ہوئی۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا اصل نام اخنوخ ہے۔

سوال: حضور اکرم ﷺ اور حضرت ادریس علیہ السلام کے درمیان ملاقات کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: شب معراج میں چوتھے آسمان پر۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے **1050** سال عمر پائی۔ اپنی قوم میں **950** سال تبلیغ کی۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری۔ جودی پہاڑ کی اونچائی چالیس گز تھی۔

☆ طوفانِ نوح 40 دن تک موجود رہا۔

سوال: طوفانِ نوح کے بعد دنیا کی آبادی کس نسل سے پھیلی؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں سے (۱) حام (۲) سام (۳) یافث۔

☆ قوم عاد کے لوگ اتنے مضبوط اور طاقتور تھے کہ اگر پتھر پر پاؤں مارتے تو زانو تک اس میں گھس جاتے۔

☆ قومِ عاد پر سخت آندھی کا عذاب آیا تھا۔ یہ آندھی 8 دن اور 7 رات جاری رہی۔

☆ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا نام ثمود تھا۔

سوال: قومِ ثمود پر کتنے دن اور کس طرح عذاب آیا؟

جواب: 4 دن۔ پہلے دن ان کے چہرے زرد ہو گئے، دوسرے دن سرخ، تیسرے دن سیاہ اور چوتھے دن ایک چیخ آئی جس سے وہ ہلاک ہو گئے۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا کون سا شخص عذاب سے محفوظ رہا؟

جواب: ابورغال۔ وہ حرمِ مکہ میں تھا۔

سوال: انبیاءؑ میں سب سے پہلے ختنہ حضرت ابراہیمؑ نے کیا۔ اس وقت ان کی عمر مبارک 99 سال تھی۔

سوال: آگ کو کتنے دنوں تک دہکایا گیا؟ **جواب:** 7 دن تک۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ا[illegible]ت کے مطابق 40 دن تک آگ میں رکھا گیا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ خواب تین دن تک دیکھا کہ وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کر رہے ہیں۔

☆ حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق علیہم السلام میں باپ شریک بھائی کا رشتہ تھا۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ کا نام حضرت سارہ علیہا السلام تھا۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام کی شادی 40 سال کی عمر میں ہوئی۔

☆ حضرت لوط علیہ السلام کی اہلیہ کا نام واہلہ تھا جو آپ پر ایمان نہیں لائی تھیں۔

☆ قومِ لوط پر آسمان سے پتھر برسنے کا عذاب آیا تھا۔

☆ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں میں حضرت یوسف علیہ السلام کو نبوت ملی۔

☆ حضرت یعقوب علیہ السلام کا عبرانی نام اسرائیل تھا۔

☆ اسرائیل کے معنی اللہ کا بندہ ہے۔

☆ حضرت یوسف علیہ السلام کنوئیں میں 3 دن تک رہے۔

☆ حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نکالنے والے شخص کا نام ملک بن دعبر تھا۔

☆ حضرت یوسف علیہ السلام نے 90 سال حکومت کی۔

☆ حضرت یوسف علیہ السلام جیل میں 10 سال تک رہے۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کے تابوت کو کنعان میں دفن کیا۔

☆ عزیزِ مصر کے انتقال کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام اور حضرت زلیخا کی شادی ہوئی۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قد مبارک 13 گز تھا۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام فرعون کی بیوی آسیہ نے رکھا تھا۔

حضور اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی کا جدول

نمبر شمار	نام ام المومنین	شادی کے وقت عمر	شادی کے وقت آپؐ کی عمر	فرق زیادہ یا کم	ام المومنین کی کون سی شادی تھی	گزشتہ اولاد	آپؐ سے اولاد
1	حضرت خدیجہؓ	40	25	+15	4	5	6
2	حضرت سودہؓ	50	49	+1	2	1	......
3	حضرت عائشہؓ	9 تا 14	54	-35 تا -45	1	......	......
4	حضرت حفصہؓ	20	55	-35	2	......	......
5	حضرت زینب بنت خذیمہؓ	30	55	-25	4	......	......
6	حضرت ام سلمہؓ	25	56	-31	2	4	......
7	حضرت جویریہؓ	20	57	-37	2	......	......
8	حضرت زینبؓ بنت حجش	36	57	-21	2	......	......
9	حضرت ام حبیبہؓ	36	58	-22	2	1	......
10	حضرت صفیہؓ	17	58	-41	3	......	......
11	حضرت میمونہؓ	36	59	-23	3	......	......

شجرہ طیبہ

حضرت محمد ﷺ سے لے کر حضرت آدم علیہ السلام تک خاندانِ نبوت

نبی کریم ﷺ کا سلسلۂ نسب تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ایک حصہ جس کی صحت پر اہل سیر اور ماہرین انساب کا اتفاق ہے۔ یہ عدنان تک منتہی ہوتا ہے۔دوسرا حصہ جس میں اہل سیر کا اختلاف ہے کسی نے توقف کیا ہے اور کوئی قائل ہے۔ یہ عدنان سے اوپر حضرت ابراہیم علیہ السلام تک منتہی ہوتا ہے۔تیسرا حصہ جس میں یقیناً کچھ غلطیاں ہیں یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اوپر حضرت آدم علیہ السلام تک جاتا ہے۔اس جانب اشارہ گزر چکا ہے۔ذیل میں تین حصوں کی قدرے تفصیل پیش کی جارہی ہے۔

محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب (شیبہ) بن ہاشم (عمرو) بن عبد مناف (مغیرہ) بن قصی (زید) بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر (انہی کا لقب قریش تھا اور انہی کی طرف قبیلہ قریش منسوب ہے) بن مالک بن نضر (قیس) بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ (عامر) بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

عدنان سے اوپر یعنی عدنان بن اُد بن ہمیسع بن سلامان بن عوص بن بوز بن قموال بن ابی بن عوام بن ناشد بن حزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاحم بن ناحش بن ماخی بن عیض بن عبقر بن عبید بن الدعا بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلحن بن ارعوی بن عیض بن دیشان بن عیصر بن افناد بن ایہام بن مقصر بن ناحث بن زارح بن سمی بن مزی بن عوضہ بن عرام بن قیدار بن حضرت اسماعیل علیہ السلام بن حضرت ابراہیم علیہ السلام۔حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اوپر۔ابراہیم بن تارح (آزر) بن ناحور بن ساروع (یا ساروغ) بن راعو بن افالخ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن حضرت نوح علیہ السلام بن متوشلخ بن اخنوخ (کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت ادریس علیہ السلام کا نام ہے) بن یرد بن مہلائیل بن قینان بن آنوشہ بن شیث بن حضرت آدم علیہ السلام (الرحیق المختوم)

سائنسی معلومات

سوال: اونٹ پانی پیئے بغیر کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے؟
جواب: 17 دن۔
سوال: انسان کھائے پیئے بغیر کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے؟
جواب: زیادہ سے زیادہ اٹھارہ دن۔
سوال: انسان ایک رات کی نیند میں کتنی بار سانس لیتا ہے؟
جواب: ساڑھے چھ ہزار مرتبہ۔
سوال: انسان ایک منٹ میں کتنی بار پلک جھپکتا ہے؟
جواب: 25 بار۔
سوال: انسانی گردوں میں نالیوں کی لمبائی کتنی ہے؟
جواب: گیارہ ہزار دوسو کلومیٹر۔
سوال: ایک عورت کے سر کے بالوں کو جوڑا جائے تو کتنے لمبے ہوتے ہیں؟
جواب: 50 میل۔
سوال: انسانی ناک عمر بھر کتنی خاک چھانتی ہے؟
جواب: 45 پونڈ۔
سوال: انسان کی وہ کون سی ہڈی ہے جو دو ہزار پونڈ وزن اٹھا سکتی ہے اور پھر بھی نہیں ٹوٹتی؟
جواب: پنڈلی کی ہڈی۔
سوال: وہ کون سا جاندار ہے جس کی جلد کی نسوں کی لمبائی 45 میل ہے؟
جواب: انسانی جلد کی۔
سوال: انسانی بدن میں پسلیوں کے کتنے جوڑ ہوتے ہیں؟ **جواب:** 12۔

سوال: انسانی ہاتھ میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟
جواب: 27۔
سوال: انسانی جسم میں ہڈیاں، پسلیاں، سر کے بال کتنے اور جسم پر مساموں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: انسانی جسم میں 206 ہڈیاں، 24 پسلیاں، تقریباً پندرہ ہزار سر کے بال اور تقریباً پچیس لاکھ مساموں کی تعداد ہے۔
سوال: انسان کے مرنے کے بعد اس کا دماغ کتنی دیر تک کام کرتا ہے؟
جواب: 2 سے چار گھنٹے تک۔
سوال: انسانی جسم میں خون کس رفتار سے گردش کرتا ہے؟
جواب: 75 میل فی گھنٹہ۔
سوال: وہ کون سی دھات ہے جس کو پانی میں ڈالا جائے تو وہ جل اُٹھتی ہے؟
جواب: سوڈیم۔
سوال: لاش کا درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟
جواب: وہی جو ماحول کا درجہ حرارت ہوگا۔
سوال: پیدائش کے وقت بچے کی نبض کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟
جواب: 135 دھڑکن فی منٹ۔
سوال: سوئے ہوئے انسان کی نبض کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟
جواب: 59 دھڑکن فی منٹ۔
سوال: انسانی جسم میں کتنے فیصد حصہ پانی کا ہے؟
جواب: 61 فیصد۔
سوال: زمین کے بالائی حصہ میں کتنے فیصد ریت ہوتی ہے؟
جواب: 65 فیصد۔

سوال: سورج کی روشنی ازمین تک کتنے منٹ میں پہنچتی ہے؟
جواب: ساڑھے آٹھ منٹ میں۔
سوال: کس سائنس دان کو چیونٹیوں کی زبان کا ماہر جانا جاتا ہے؟
جواب: ڈاکٹر کارل۔
سوال: ابتدا میں ساری کائنات کس شکل میں تھی؟
جواب: ابتدا میں بڑی کہیف (پرائمری نیبولا) کی شکل میں تھی۔
سوال: ہمارا سورج کس کہکشاں کا ستارہ ہے؟
جواب: دودھیا کہکشاں کا (جسے ملکی وے کہتے ہیں) ستارہ ہے۔
سوال: زمین کے گرد سب سے پہلے سمندر کے راستے کس نے چکر لگا کر ثابت کیا کہ زمین گول ہے؟
جواب: سر فرانسی ڈریک وہ پہلا آدمی تھا جس نے 1597ء میں زمین کے گرد سمندر کے راستے چکر لگا کر یہ ثابت کیا کہ زمین گول (گروی) ہے۔
سوال: سورج کتنی رفتار سے اپنی کہکشاں کے گرد چکر لگا رہا ہے؟
جواب: تقریباً 230 کلومیٹر فی سیکنڈ (یعنی تقریباً 830,000 کلومیٹر فی گھنٹہ) کی رفتار سے کہکشانی مرکز کے گرد چکر لگا رہا ہے۔
سوال: زمین کی بیرونی اور اندرونی پرتیں کس طرح کی ہیں؟
جواب: قشرِ ارض جس کے اوپر ہم رہتے ہیں کسی ٹھوس چھلکے کی طرح ہے جب کہ کرۂ زمین کی اندرونی پرتیں نہایت گرم اور مائع ہیں۔
سوال: فریج میں کون سی گیس استعمال ہوتی ہے؟ **جواب:** فری اون/21۔
سوال: سورج کے شعلے کتنی دور تک پہنچ سکتے ہیں؟
جواب: 1,35,000 میل۔

سوال: چاند اور زمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟
جواب: 2,39,000 میل۔

دلچسپ، حیرت انگیز معلومات

سوال: دنیا کا سب سے چھوٹا (ٹھگنا) آدمی، ملک اور اس کا اپنا نام کیا ہے؟
جواب: ہڈسن۔ قد صرف 18 انچ۔ برطانیہ۔
سوال: دنیا میں سب سے چھوٹے قد کی خاتون کا نام کیا ہے؟
جواب: مس ایڈرتھ بارلو۔ 22.2 انچ قد اور وزن پونے 15 پاؤنڈ۔
سوال: وہ کون سا پرندہ ہے جو اُڑ سکتا ہے مگر چل نہیں سکتا؟
جواب: ہمنگ برڈ۔ (Humming Bird)
سوال: اس پرندہ کا نام بتائیں جو حضرت سلیمانؑ کے زمانے میں آسمان کی بلندی پر اُڑتے ہوئے زمین میں پانی کی گہرائی، میٹھے یا کڑوے ہونے کا بتاتا تھا؟
جواب: ہدہد۔
سوال: وہ کون سا درخت ہے جس کا چھلکا سونگھنے سے انسان بے ہوش ہو جاتا ہے اور اس کے نیچے سے گزرے تو وہ اپنے ساتھ لپیٹ کر مار دیتا ہے؟
جواب: آدم خور درخت۔
سوال: وہ کون سے درخت ہیں جن پر چوبیس گھنٹے بارش ہوتی رہتی ہے اور کس ملک میں پائے جاتے ہیں؟ **جواب:** جنوبی افریقہ میں آدم خور درخت۔
سوال: سب سے زیادہ وزن کی خاتون کا نام بتائیں؟
جواب: روسالی بریڈفورڈ نامی امریکی خاتون جن کا وزن 544 کلوگرام تھا۔
سوال: زیادہ سے زیادہ ٹیک کا حامل کون سا شخص تھا؟
جواب: دنیا کا حیرت انگیز ٹیک کا حامل شخص کینیڈا کا پائیریج مین تھا۔ اس کو عرف

عام میں لوگ مسٹر کمبی کہتے تھے۔

سوال: وہ کون سی ملکہ تھی جو گدھیوں کے دودھ سے غسل کرتی تھی؟

جواب: رومی شہنشاہ نیرو کی ملکہ نے 500 گدھیاں پالی ہوئی تھیں جن کے دودھ سے وہ غسل کرتی تھی۔

سوال: دنیا میں وہ کون سا ملک ہے جو سال میں دو مرتبہ آزادی کی سالگرہ مناتا ہے؟ **جواب:** پانامہ پہلی مرتبہ 3 نومبر کو اور دوسری بار 28 نومبر کو۔ دراصل پانامہ نے 3 کو کولمبیا اور 28 کو اسپین سے آزادی حاصل کی تھی۔

سوال: کس ملک کی پولیس صرف چار افراد پر مشتمل ہے؟ **جواب:** جبوتی۔

سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں پولیس نہیں ہوتی؟

جواب: عوامی جمہوریہ چین۔

سوال: وہ کون سا علاقہ ہے جہاں ہر شخص کے ہاتھ اور پاؤں کی سات سات انگلیاں ہوتی ہیں؟

جواب: اسپین کے ایک گاؤں میں رہنے والے ہر شخص کے ہاتھ اور پاؤں میں سات سات انگلیاں ہیں اور ان میں چھ چھ پور ہوتے ہیں۔ وہ پانچ انگلیوں والوں کو عجیب سمجھتے ہیں۔

سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں چاول کی فصل بونے پر شادی کی جاتی ہے اور کٹائی پر طلاق دی جاتی ہے؟

جواب: انڈونیشیا کے بہت سارے جزیروں میں فصلی شادیاں ہوتی ہیں جو چاول کی فصل تیار ہونے پر کی جاتی ہیں اور کٹائی کے بعد رشتہ ختم کر دیا جاتا ہے۔

سوال: دنیا کا سب سے بڑا بچہ کس ملک کا رہنے والا ہے جس کی عمر 12 سال اور قد 11 فٹ 5 انچ ہے؟

جواب: آئیوری کوسٹ کا الپاس۔ شہر کا نام ابگاوراؤ۔

سوال: دنیا میں وہ کون سا شہر ہے جو زیر زمین آباد ہے؟

جواب: تیونس کا شہر مطماطہ۔

سوال: وہ کون سی سلطنت ہے جہاں ہر دوسرے دن سرکاری چھٹی ہوتی تھی؟

جواب: سلطنت روما کے آخری دنوں میں روم کے شہری سال میں 186 دن تعطیل کرنے لگے تھے۔ ہر دوسرا دن چھٹی کا دن ہوتا تھا۔

سوال: وہ کون سا قبیلہ ہے جہاں دولہے کو ایک وقت میں دو عورتوں سے شادی کرنا ضروری ہے؟

جواب: جنوبی افریقہ میں میرو نامی ایک قبیلہ ہے جہاں دولہے کو دلہن اور اس کی بہن سے ایک وقت میں شادی کرنا ضروری ہے۔

سوال: دنیا کے اس واحد شخص کا نام کیا ہے جس نے 1500 شادیاں کیں؟

جواب: ہندوستان کی ریاست جے پور کے مہاراجہ مان سنگھ نے۔

سوال: وہ کون سا شہر ہے جس میں تمام مکانات نمک سے بنے ہوئے ہیں؟

جواب: افریقہ کا شہر ٹیگازا۔

سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں ننگے پاؤں چلنے والوں کو سزا دی جاتی ہے؟

جواب: بلجیم غالباً دنیا کا واحد ملک ہے جہاں ننگے پاؤں چلنے پر سزا ہے۔

سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں بکرے مچھلیاں کھاتے ہیں اور درختوں پر بھی چڑھ سکتے ہیں؟

جواب: آسٹریلیا کے جنگلات میں۔

سوال: وہ کون سا دریا ہے جس میں ایک بھی مچھلی نہیں ہوتی؟

جواب: اس دریا کا نام رائیو وفاگری ہے۔ یہ کولمبیا میں ہے۔

سوال: وہ کون سا بادشاہ تھا جس نے اپنے کتے کو ایک ریاست کا وزیر اعلیٰ مقرر کر دیا تھا؟ **جواب:** ناروے کے بادشاہ اسپسن نے اپنے پالتو کتے کو۔

متفرق معلومات

سوال: خلائی جہاز کو چاند پر پہنچنے کے لئے کتنا وقت درکار ہے؟
جواب: تین دن اور کچھ گھنٹے۔
سوال: کس دھاگے سے خلائی لباس بنایا جاتا ہے؟
جواب: خلائی لباس بنانے کے لئے شیشے کا دھاگا استعمال ہوتا ہے۔
سوال: چاند پر سب سے پہلے کون سا کھیل کھیلا گیا؟
جواب: گالف۔
سوال: خلا میں چہل قدمی کرنے والی پہلی امریکن خاتون کا نام بتایئے؟
جواب: کیتھرین سلیوان نے 12 اکتوبر 1948ء کو خلائی جہاز چیلنجر میں چہل قدمی کی۔
سوال: چاند اور زمین کے درمیان ہر سال کتنا فاصلہ بڑھ جاتا ہے؟
جواب: 15 انچ۔
سوال: خلا میں تمام اشیا کا وزن کتنا ہوتا ہے؟
جواب: صفر۔
سوال: زمین کا وزن کتنا ہے؟
جواب: 6 ہزار ٹریلین ٹن۔
سوال: وہ کون سا بادشاہ تھا جس کے منہ میں پیدائش کے وقت دو دانت تھے؟
جواب: فرانس کا بادشاہ لوئی چہاردہم۔
سوال: گاڑیوں کو کھینچنے والا انجن سب سے پہلے کب اور کس نے بنایا؟
جواب: 1780ء۔ جیمز واٹ۔ پہلا سٹیم انجن جو گاڑیوں کو دھکیلنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔

سوال: پہلا موٹر سائیکل کب تیار ہوا؟
جواب: دنیا کا پہلا باضابطہ موٹر سائیکل فرانس کے مچاکس برادرز نے تیار کیا۔ (بھاپ سے چلنے والا انجن سائیکل پر فٹ کرکے)
سوال: 1885ء میں لکڑی سے بنا موٹر سائیکل کس نے تیار کیا؟
جواب: گوٹ لب ڈیملر (جرمنی) نے پہلی بار گیس کا انجن لکڑی کی موٹر سائیکل میں فٹ کیا۔
سوال: ڈبل روٹی کے سلائس میں کتنے فیصد پانی ہوتا ہے؟
جواب: 33 فیصد۔
سوال: روم کا مشہور مینار پیسا ٹاور کتنے میٹر بلند ہے؟
جواب: 55 میٹر۔
سوال: خالص ہیرا کہاں پڑا ہو تو نظر نہیں آتا؟
جواب: آپ کے سامنے پانی میں پڑا ہو تو نظر نہیں آئے گا۔
سوال: ایسا کون سا جانور ہے جس کے دانت پوری عمر بڑھتے ہیں؟
جواب: ہاتھی اور چوہا۔
سوال: ایسا جانور جو ناک منہ کے علاوہ کھال سے بھی سانس لیتا ہو؟
جواب: مینڈک
سوال: ایسا کون سا ملک ہے جہاں گلہری نہیں پائی جاتی؟
جواب: آسٹریلیا۔
سوال: درخت پر الٹا چڑھنے والے جانور کا نام بتائیں؟
جواب: ریچھ۔
سوال: وہ کون سا شہر ہے جہاں کوئی فقیر نہیں؟
جواب: جاپان کا شہر ٹوکیو واحد شہر ہے جہاں کوئی فقیر نہیں۔

سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں کوئی سینما گھر نہیں؟
جواب: سعودی عرب۔
سوال: وہ کون سا ملک ہے جس کا دارالخلافہ نہیں؟
جواب: ویسٹ انڈیز۔
سوال: وہ کون سا ملک ہے جہاں بچے کے پیدا ہوتے ہی عمر نو ماہ لکھی جاتی ہے؟
جواب: جاپان۔
سوال: شہتوت کا جولاہا کس جانور کو کہتے ہیں؟ **جواب:** ریشم کے کیڑے کو۔
سوال: ریشم کا کیڑا اپنی عمر میں کتنا ریشم پیدا کرتا ہے؟ **جواب:** ایک ہزار گز۔
سوال: مکڑی کا ایک پاؤنڈ وزنی جالا کتنا لمبا ہو سکتا ہے؟
جواب: اتنا لمبا کہ اسے زمین کے گرد چھ مرتبہ لپیٹا جا سکتا ہے۔
سوال: کیا مکڑی بھی سانپ کی طرح کھال بدلتی ہے؟ **جواب:** جی ہاں۔
سوال: زمین کے کس حصے میں چھ مہینے دن اور چھ مہینے رات ہوتی ہے؟
جواب: شمالی اور جنوبی قطبین پر۔
سوال: زمین کے کتنے حصے پر پانی ہے؟ **جواب:** 71 فیصد۔
سوال: دنیا کے واحد جانور کا نام بتائیں جو پانی نہیں پیتا؟ **جواب:** کانگرو چوہا۔
سوال: وہ کون سا پتھر ہے جو پانی میں نہیں ڈوبتا؟ **جواب:** جھاواں پتھر۔
سوال: پلاسٹک کا دل پہلے کس نے ایجاد کیا؟ پہلا مریض کتنی دیر زندہ رہا؟
جواب: ڈاکٹر ڈومنگولا پوٹا (ٹیکساس) مریض ہیکل کارپ 66 گھنٹے زندہ رہا۔
سوال: کس درخت کی جڑیں سب سے گہری ہوتی ہیں؟ **جواب:** جنگلی انجیر۔
سوال: کس پھول کو پانی کی ملکہ کہتے ہیں؟ **جواب:** واٹر للی۔
سوال: آگ برسانے والا درخت کس ملک میں پایا جاتا ہے؟ **جواب:** ملائشیا۔
سوال: وہ کون سے درخت ہیں جن کے پتے سردیوں میں بھی پیلے نہیں ہوتے؟

جواب: تین درخت ہیں۔ آم، نارنگی اور چر ونجی۔
سوال: کون سا درخت پچاس سال بعد پھل دینا شروع کرتا ہے؟
جواب: شاہ بلوط (OCK) کا درخت۔
سوال: لاہور کے کتنے دروازے ہیں؟ **جواب:** 12 دروازے ہیں۔
1۔ لوہاری دروازہ۔ 2۔ شاہ عالمی دروازہ۔ 3۔ موچی دروازہ۔ 4۔ کشمیری دروازہ۔
5۔ اکبری دروازہ۔ 6۔ یکی دروازہ۔ 7۔ دلی دروازہ۔ 8۔ شیرانوالہ گیٹ۔ 9۔
مستی گیٹ۔ 10۔ روشنائی دروازہ۔ 11۔ ٹکسالی دروازہ۔ 12۔ بھاٹی دروازہ۔
سوال: وہ کون سا دروازہ ہے جو اب تک اپنے ٹائم پر کھلتا اور اپنے ٹائم پر بند ہوتا ہے؟ **جواب:** روشنائی دروازہ۔
سوال: ایسے دو مذاہب کون سے ہیں جن میں تمباکو نوشی حرام ہے؟
جواب: پارسی مذہب اور سکھ مذہب۔
سوال: پاک پتن میں بہشتی دروازہ کن بزرگ نے بنوایا؟
جواب: حضرت نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ نے۔
سوال: ہٹلر کے حکم پر کون سی کار بنائی گئی؟ **جواب:** واکس ویگن۔
سوال: دنیا میں میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل کا نام بتائیے؟
جواب: سپیریئر جھیل۔
سوال: دنیا کا وہ واحد براعظم کون سا ہے جس کے ہر ملک کے پاس بندرگاہ ہے؟
جواب: شمالی امریکہ۔
سوال: دنیا کی سب سے ادھی، محفوظ ترین اور سب سے قیمتی کار کس بادشاہ کے لئے بنائی گئی؟
جواب: معزول شاہ ایران رضا شاہ پہلوی کے لئے۔
سوال: دنیا کا سب سے بڑا صنعتی شہر کون سا ہے؟ **جواب:** شنگھائی۔

سوال: دریاؤں کا ملک کس کو کہا جاتا ہے؟ **جواب:** بنگلہ دیش۔
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ چائے کہاں پیدا ہوتی ہے؟ **جواب:** بھارت۔
سوال: خلا میں پہلا بین الاقوامی ملاپ کب ہوا؟ **جواب:** 17 جولائی 1975ء۔
سوال: خلا میں جانے والا پہلا انسان کون تھا؟ **جواب:** یوری گگارین۔
سوال: دنیا کا پہلا فضائی حادثہ کب ہوا؟ **جواب:** 17 ستمبر 1918ء
سوال: سب سے پہلے نوٹوں کا آغاز کس ملک میں ہوا؟ **جواب:** چین میں۔
سوال: دنیا کی سب سے بڑی سونے کی کانیں کہاں ہیں؟
جواب: جنوبی افریقہ کے شہر جوہانس برگ میں۔
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ چاندی کہاں پائی جاتی ہے؟ **جواب:** ارجنٹائن۔
سوال: دنیا کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن کون سا ہے؟ **جواب:** ماسکو۔
سوال: امریکہ میں کتنے ریڈیو اسٹیشن ہیں؟ **جواب:** آٹھ ہزار۔
سوال: بھارت کے کس شہر کو قبروں کا شہر کہتے ہیں؟ **جواب:** احمد آباد۔
سوال: دنیا میں سب سے بڑا جنازہ کس شخص کا نکلا تھا؟ **جواب:** صدر ناصر (مصر)
سوال: دنیا میں سب سے بڑا گنبد کہاں ہے؟
جواب: ملتان میں (شاہ رکن الدین رحمتہ اللہ علیہ کا مقبرہ)
سوال: دنیا کے کس ملک کے باشندے سو فیصد مسلمان ہیں؟ **جواب:** سعودی عرب
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ جھونپڑیاں کون سے ملک میں ہیں؟
جواب: برازیل میں۔
سوال: وہ کون سا جانور ہے جس کی پانچ آنکھیں ہوتی ہیں؟
جواب: جھینگر اور شہد کی مکھی۔
سوال: دریائے راوی کا پرانا نام کیا تھا؟ **جواب:** ایراوتی۔
سوال: تمام دنیا میں اس وقت کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ **جواب:** 3064۔

سوال: کس مشہور ملک کی زبان گنتی کی طرح اوپر سے نیچے لکھی جاتی ہے؟
جواب: جاپانی زبان۔
سوال: بھیڑیا کس ملک کا قومی نشان ہے؟ **جواب:** ترکی۔
سوال: دنیا کی قدیم شہنشاہیت اب تک کس ملک میں ہے؟ **جواب:** جاپان۔
سوال: برصغیر کے اس بادشاہ کا نام جو سیڑھیوں سے گر کر مرا تھا؟ **جواب:** ہمایوں
سوال: وہ کون سی برصغیر کی مشہور ملکہ تھی جس نے 15 ہزار لاوارث لڑکیوں کی شادیاں کرائی تھیں؟ **جواب:** ملکہ نور جہاں۔
سوال: دنیا کے کس ملک کا ہر مرد اور ہر عورت پڑھی لکھی ہے؟ **جواب:** ڈنمارک۔
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ بارش کہاں ہوتی ہے؟
جواب: چراپونجی (آسام، بھارت) سالانہ تقریباً 1500 انچ۔
سوال: اس شہر کا کیا نام ہے جو 96 جزیروں کو بذریعہ پل ملا کر بنایا گیا ہے؟
جواب: ایمسٹرڈیم۔
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ بکنے والی چیز کیا ہے؟ **جواب:** سگریٹ۔
سوال: وہ کون سا مذہب ہوے جو اپنے مُردوں کو نہ دفناتا ہے اور نہ ہی جلاتا ہے بلکہ گِدھوں کے کھانے کے لئے ایک خاص عمارت میں پھینک آتے ہیں؟ اس مذہب اور عمارت کا نام کیا ہے؟
جواب: مذہب کا نام پارسی۔ عمارت کا نام دخمہ۔
سوال: وہ کون سا جاندار ہے جس کے خون کا رنگ سفید ہے؟
جواب: کاکروچ۔
سوال: دنیا کا وہ کون سا واحد اُڑنے والا جانور ہے جس کے دانت ہوتے ہیں اور وہ اپنے بچوں کو دودھ پلاتا ہے؟ **جواب:** چمگادڑ۔
سوال: انسانی جسم کے کون سے دو حصے ہیں جنہیں کاٹ دیا جائے تو درد نہیں ہوتا

اور نہ خون نکلتا ہے؟ **جواب:** ناخن اور بال۔

سوال: وہ کون سا درخت ہے جس کے سائے میں عربی نسل کا گھوڑا ایک سال تک دوڑتا رہے تو بھی اس کے سائے سے نہیں نکل سکتا؟

جواب: شجر طوبیٰ (جنت کا درخت)

سوال: وہ کون سا رندہ ہے جو جتنی رفتار سے سیدھا اُڑتا ہے اتنی ہی رفتار سے پیچھے کی طرف بھی اُڑ سکتا ہے۔ **جواب:** آسٹریلیا میں پایا جانے والا ہمنگ برڈ۔

سوال: وہ کون سا جاندار ہے جس کے 2 دماغ ہوتے ہیں؟ **جواب:** بندر۔

سوال: سب سے لمبی عمر کس انسان نے پائی؟ **جواب:** حکیم لقمان نے۔

سوال: ادب کی وہ کون سی کتاب ہے جسے دورِ جہالت میں اتنی مقبولیت حاصل تھی کہ اسے خانہ کعبہ کے دروازہ پر لٹکایا گیا؟

جواب: سبعہ معلقات (جو آج بھی دینی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے)

سوال: حضرت شیخ سعدیؒ کی وہ کون سی رباعی ہے جس کے چوتھے مصرعے کی آپ ﷺ نے خواب میں بشارت دی؟

جواب: چوتھا مصرعہ صلوعلیہ وآلہٖ۔ نیچے مکمل رباعی۔

بلغ العلیٰ بکمالہٖ۔ کشف الدجیٰ بجمالہٖ۔ حسنت جمیع خصالہٖ۔ صلوعلیہ وآلہٖ۔

دنیا کی زندگی

سوال: دنیا کی عمر کتنی ہے؟

جواب: دنیا کی عمر مختلف اعتبار سے شمار کی گئی ہے۔ بعض نے تو آسمانوں کے بروج بننے کے بعد سے شمار کی۔ اس لئے انہوں نے کہا کہ دنیا کی عمر بارہ ہزار سال ہے۔ بعض نے ستاروں کے بننے کے بعد اعتبار کر کے کہا کہ دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے۔ (کواکب سیارہ سات ہیں) بعض نے سال کے دنوں کی

مقدار کے بعد سے دنیا کی عمر شمار کی۔ اس لئے انہوں نے کہا کہ دنیا کی عمر تین لاکھ سال ہے۔ (صاوی ص 125 اور حاشیہ جلالیہ ص 293)

معلوماتِ ابلیس

سوال: شیطان جنت کا خزانچی کتنے سال رہا؟

جواب: حضرت کعب احبار فرماتے ہیں کہ شیطان جنت کا خزانچی چالیس سال رہا۔

سوال: شیطان کے اولاد کس طرح ہوتی ہے؟

جواب: حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ اللہ نے ابلیس کی داہنی ران میں ذکر اور بائیں ران میں فرج بنائی ہے۔ شیطان دونوں رانوں کو ملا کر جماع کرتا ہے اور ہر دن دس انڈے دیتا ہے اور ہر انڈے سے 70 شیطان اور 70 شیطانہ پیدا ہوتے ہیں اور وہ (بچوں کی طرح) چوں چوں کر کے اُڑ جاتے ہیں۔ (صاوی ص 24 ج 3 پارہ 12 و 17)

سوال: فرشتوں کا استاد کون تھا اور کتنے دن تک رہا؟

جواب: شیطان تھا جسے ''معلم الملائکہ'' کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا جو ملائکہ کے ساتھ اسی ہزار سال تک رہا جس میں بیس ہزار سال تک ملائکہ کو وعظ و نصیحت کرتا رہا اور 30 ہزار سال تک ملائکہ روحانین کا سردار رہا۔ (جمل ص 1 ج 2)

سوال: شیطان نے عرش کا طواف کتنے سال تک کیا؟

جواب: چودہ ہزار سال تک۔ (تفسیر صاوی ص 22 ج 1)

سوال: شیطان کی اولاد کتنی ہے اور ان کے کیا کیا نام اور کیا کیا کام ہیں؟

جواب: شیطان کی مکمل اولاد تو معلوم نہیں البتہ بعض اولاد کا ذکر کیا جاتا ہے۔ حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ شیطان کی اولاد میں سے دو شیطان تو لاقس اور ولہان

نام کے ہیں۔ ان دونوں کا کام یہ ہے کہ طہارت اور نماز میں وسوسہ ڈالتے ہیں۔
تیسرا شیطان مُرۃ جس کے ساتھ شیطان کی کنیت ابو مرۃ ہے۔ چوتھا زلنبور اس کا
کام یہ ہے کہ لوگوں کے لئے بازاروں کو مزین کرتا اور سنوارتا، جھوٹی قسمیں کھلواتا
اور سامان کی جھوٹی تعریف کراتا ہے۔ پانچواں شیطان بتر ہے۔ اس کا کام یہ ہے
کہ بوقت مصیبت لوگوں کو آہ و زاری، منہ پر طمانچے مارنے اور گریبانوں کو
پھاڑنے پر برانگیختہ کرتا ہے۔ چھٹا شیطان اعور ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ یہ لوگوں کو
زنا کاری پر اُبھارتا ہے حتیٰ کہ لوگوں کی شہوتوں کو بھڑکانے کے لئے مردوں کے ذکر
اور عورتوں کے فرج میں پھونک مار کر ان میں خواہش پیدا کرتا ہے۔ چھٹا مطروس
ہے۔ یہ لوگوں سے جھوٹی خبریں (جس کے سر پیر نہ ہوں) اُڑواتا ہے۔ ساتواں
داسم ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر میں سلام کئے بغیر داخل ہوتا
ہے تو یہ بھی اس کے ساتھ داخل ہو جاتا ہے اور اس کو غصہ دلاتا ہے تا کہ گھر والوں
سے لڑائی ہو۔ (صاوی ص 17 ج 3)

اللہ کریم ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

بعض عقائد کے مطابق تاریخ پیدائش کے حساب سے نام رکھنا، برج، ستارہ کے
موافق پتھر پہننا، مبارک دن، عدد اور مزاج کا جاننا اچھا شگون ہے۔ یا یوں سمجھ لیجئے
کہ کچھ لوگ ایسے علم کو جاننا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ذکر الٰہی کے لئے اسمائے حسنیٰ،
نام کا پہلا حرف کیا ہونا چاہئے، وہ بھی جدول میں دے دیا گیا ہے۔

پہلے جدول میں برج کا نام، ستارہ، وقت، تاریخ، نام کا پہلا حرف دیا گیا ہے۔
دوسرے جدل میں موافق رنگ، برتھ سٹون، موزوں دھات، دوست ستارے، دشمن
ستارے اور غیر جانبدار ستارے دیئے گئے ہیں۔

جدل اگلے صفحات پر۔